# ٹینڈر ڈاکومنٹ

## میس سروسز (MESS SERVICES) برائے ہاسٹلز (بوائز / گرلز) جملہ کیمپس

**نوٹ: تکنیکی تجویز کا لفافہ بذیل کاغذات پر مشتمل ہونا چاہیے**

۱۔ انکم ٹیکس رجسٹریشن سرٹیفکیٹ ہمراہ فائلر ثبوت۔ (زائد المیعاد سرٹیفکیٹ قابل قبول نہ ہوگا)۔

۲۔ بنک سٹیٹمنٹ۔

۳۔ متعلقہ فیلڈ کا تجربہ ہمراہ ثبوت۔

۴۔ ملازمین کی تفصیل۔

۵۔ بیان حلفی کہ فرم بلیک لسٹڈ نہ ہے۔

۶۔ اصل کال ڈیپازٹ (فوٹو کاپی/ کراس چیک قابل قبول نہ ہوگا)۔

۷۔ تکنیکی جانچ کاری کیلئے درکار دیگر جملہ کاغذات وغیرہ۔

**نوٹ: مالیاتی تجویز کا لفافہ بذیل کاغذات پر مشتمل ہونا چاہیے**

۱۔ انرا خ۔

۲۔ تکنیکی تجویز کے ہمراہ لف کردہ کال ڈیپازٹ کی فوٹو کاپی۔

کوٹیشن دہندہ کیلئے ضروری ہےکہ وہ جملہ شرائط وضوابط کا تفصیلی مطالعہ کرنے کے بعد کوٹیشن فراہم کرے۔ نامکمل کوٹیشن مسترد تصور ہوگی اور اس ضمن میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ کوٹیشن دہندہ کیلئے ضروری ہےکہ وہ ٹینڈر ڈاکومنٹ کے تمام صفحات پر دستخط / مہر ثبت کرے۔

# ٹینڈر فارم

## شرائط و ضوابط

۱۔ مالی طور پر مستحکم / اچھی شہرت / متعلقہ فیلڈ (ہوٹلنگ / کینٹین / کیفے ٹیریا) میں پانچ سالہ تجربہ کی حامل فرم ہا، جو آزاد جموں وکشمیر ان لینڈ ریونیو ڈیپارٹمنٹ سے رجسٹرڈ اور فائلر ہوں ٹینڈر میں حصہ لینے کی اہل ہونگی۔ اس ضمن میں فرم کے نام پر فائلر / ایکٹو ہونے کا ثبوت فراہم کرنا ہوگا۔ بصورت دیگر کوٹیشن مسترد تصور ہوگی۔

۲۔ کنٹریکٹر بنک سٹیٹمنٹ فراہم کریگا جس میں اسکی مالی حیثیت درج ہو۔ اس ضمن میں فرم کے نام پر قائم شدہ اکاؤنٹ کی بنک سٹیٹمنٹ ہی قابل قبول ہوگی۔ بصورت دیگر کوٹیشن مسترد تصور ہوگی۔ بنک اسٹیٹمنٹ 5.00 ملین (Average Balance) کی ہونا ضروری ہے۔

۳۔ کامیاب کوٹیشن دہندہ اپنے طور پر ٹھیکہ کسی دوسرے شخص / فرم / کنٹریکٹر کو منتقل کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔ ایسا کرنے کی صورت میں کنٹریکٹ ازخود منسوخ تصور ہوگا اور سیکیورٹی ڈیپازٹ بحق یونیورسٹی ضبط کر لی جائیگی۔

۴۔ کنٹریکٹر کمرشل / حکومتی شرح کے مطابق بجلی، پانی کے بلات کی ادائیگی کا پابند ہوگا۔ اداء شدہ بلات کی رسید کی نقل دفتر ڈائریکٹر اسٹیٹ کو فراہم کرنا لازم ہوگی۔ کنٹریکٹر اپنے طور پر جنریٹر کا انتظام بھی رکھے گا تاکہ بوقت ضرورت / دوران لوڈشیڈنگ بجلی کی سہولت میسر ہو سکے۔

۵۔ جامعہ ہذا کے حاضر سروس ملازمین بلاواسطہ یا بالواسطہ ٹینڈر میں حصہ لینے کے اہل نہ ہونگے۔

۶۔ کنٹریکٹر میس میں موجود اشیاء خورد و نوش کی منظور شدہ انراخ کی کاپی نمایاں جگہ پر چسپاں کرنے اور طلباء وطالبات کو بل کی رسید دینے کا پابند ہوگا۔

۷۔ میس میں کسی بھی غیر متعلقہ شخص کو داخل ہونے یا بیٹھنے کی اجازت نہ ہوگی۔

۸۔ کنٹریکٹر اس امر کا پابند ہوگا کہ میس میں طلباء وطالبات و ملازمین جامعہ سے جھگڑا نہیں کریگا اور کسی قسم کی شکایت کی صورت میں معاملہ متعلقہ ڈین / انچارج کیمپس / ڈائریکٹر اسٹیٹ کے نوٹس میں لائیگا، ازخود باز پرس کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

۹۔ کامیاب کوٹیشن دہندہ اپنے جملہ ملازمین کا شناختی کارڈ، چال چلن، صحت مندی اور سکونتی سرٹیفکیٹ مہیا کرنے کا پابند ہوگا۔ نیز کم عمر افراد کو ملازم نہیں رکھا جائیگا۔ جملہ ملازمین کی رہائش / تنخواہ وغیرہ کنٹریکٹر کی ذمہ داری ہوگی۔

۱۰۔ کنٹریکٹر طے شدہ انراخ میں ازخود تبدیلی کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔ انراخ بذریعہ یونیورسٹی کمیٹی بعد از منظوری مجاز اتھارٹی revised ہونگے۔ انراخ پر نظر ثانی کم از کم ایک سال کے بعد ہوگی۔

۱۱۔ کنٹریکٹر میس میں موجود سامان کی حفاظت / سیکیورٹی کا خود ذمہ دار ہوگا۔ کسی قسم کی Allteration/ addition فریق دوئم کی تحریری رضامندی کے بغیر قابل قبول نہ ہوگی مغائر اجازت اقدام پر تلافی بذمہ فریق اول ہوگی۔

۱۲۔ ابتدائی معاہدہ عرصہ دو سال کیلئے ہوگا، بعد ازاں کمیٹی کی سفارشات کی روشنی میں کنٹریکٹ پر از سر نو غور کیا جائے گا توسیع کیلئے کنٹریکٹر کو ایک ماہ قبل درخواست دینا ہوگی۔ توسیع کرنے نہ کرنے کا اختیار متعلقہ کمیٹی کی سفارشات کی روشنی میں مجاز اتھارٹی کو حاصل ہوگا۔

۱۳۔ کسی بھی قسم کے تنازعہ کی صورت میں جناب وائس چانسلر کا فیصلہ حتمی تصور ہوگا۔

۱۴۔ میس میں صفائی کا خیال رکھنا کنٹریکٹر کی ذمہ داری ہوگی۔ وبائی امراض و ماحول کے تدارک کا حکومتی ہدایات کے مطابق خیال کرنا ہوگا۔

۱۵۔ میس میں کراکری دیگر ضرورت کا الیکٹرک سامان وغیرہ ٹھیکیدار کا اپنا ہوگا اور ٹوٹ پھوٹ کا بھی خود ذمہ دار ہوگا۔

۱۶۔ میس میں سگریٹ، پان، نسوار، گٹکا وغیرہ اور نشہ آور / ممنوعہ اشیاء کی خرید فروخت / استعمال پر مکمل پابندی ہوگی اور کسی بھی غیر قانونی / غیر اخلاقی سرگرمی کے نتیجہ میں ٹھیکہ منسوخ کر دیا جائیگا۔

۱۷۔ ٹھیکیدار حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق کھانا فراہم کرنے کا پابند ہوگا۔ نیز کھانے پینے کی اشیاء کو ٹھنڈا اور گرم رکھنے کیلئے مناسب انتظام کرنا کنٹریکٹر کی ذمہ داری ہوگا۔ نیز ٹھیکہ کی مدت کے دوران جملہ مرمتی وغیرہ کنٹریکٹر کی ذمہ داری ہوگی۔

۱۸۔ کھانے پینے کی اشیاء کی تیاری میں اچھی کوالٹی کا گھی / تیل از قسم ڈالڈا، پلاننا، حبیب وغیرہ استعمال کرنا ہوگا کھلا گھی / تیل اور غیر معیاری اشیاء کے استعمال کی اجازت نہ ہوگی۔ غیر معیاری اشیاء کے استعمال کی شکایت کی صورت میں -/50,000 روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا اور دوبارہ شکایت کی صورت میں معاہدہ کی تنسیخ کی کارروائی عمل میں لائی جائے۔

۱۹۔ ٹھیکیدار ٹھیکہ کی مدت کے اختتام پر میسز اور اسکے اندر نصب شدہ جملہ مشینری وساز وسامان (اگر یونیورسٹی کا نصب شدہ ہو تو یا بصورت ضرر ثابت ہونے پر) اسی حالت میں واپس دینے کا پابند ہوگا۔

۲۰۔ معاہدہ کی پابندی نہ کرنیکی صورت میں کمیٹی کے فیصلہ کی روشنی میں کنٹریکٹر میسز 15 دن کے نوٹس پر خالی کرنے کا پابند ہوگا۔

۲۱۔ تمام ہاسٹلز کیلئے انراخ ایک جیسے ہونگے۔ تینوں ہاسٹلز کا ٹھیکہ کسی ایک ہی کنٹریکٹر کو الاٹ ہوگا انراخ کا اطلاق جملہ ہاسٹلز پر یکساں ہوگا۔

۲۲۔ میسز میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے مناسب تعداد میں واٹر کولر ہمراہ فلٹر کی تنصیب کنٹریکٹر کی ذمہ داری ہوگی۔

۲۳۔ یونیورسٹی کی جانب سے منظور شدہ مینو کے علاوہ اشیاء کی فروخت کی اجازت نہ ہوگی۔ یونیورسٹی کی قائم کوالٹی کمیٹی / ہاسٹلز کمیٹی معیار اور شرائط کی پابندی چیک کرنیکی مجاز ہوگی۔

۲۴۔ کنٹریکٹر بچا کھچا کھانا یونیورسٹی / بلدیہ کی جانب سے مقرر کردہ filth depot تک پہنچانے اور تلف کرنے کا ذمہ دار ہوگا۔ نیز ایسا مواد سیوریج پائپس میں نہیں پھینکا جائیگا اور نہ ہی کھلا رکھا جائیگا۔

۲۵۔ بوقت تحریری معاہدہ کامیاب کوٹیشن دہندہ کو -/1,000,000 (دس لاکھ) روپے بطور سیکیورٹی جمع کروانی ہوگی جو کہ مدت معاہدہ کی تکمیل پر واگزار ہوگی کسی قسم کے نقصان کی صورت میں سیکیورٹی ضبط کرلی جائیگی۔ معاہدہ کی شرائط اسٹامپ پیپر پر اور مجسٹریٹ درجہ اول سے تصدیق شدہ ہونگی۔ اسٹامپ پیپر فراہم کرنا کنٹریکٹر کی ذمہ داری ہوگی۔

۲۶۔ ہاسٹل میسز میں کسی قسم کی اشیاء کی خرید وفروخت کی اجازت نہ ہوگی۔ ایسا کرنیکی صورت میں کنٹریکٹ منسوخ ہوگا اور سیکیورٹی ڈیپازٹ بحق یونیورسٹی ضبط کرلی جائیگی۔

۲۷۔ کچن وغیرہ کے استعمال کا کرایہ -/10,000 روپے ماہوار ہوگا۔

۲۸۔ رات 09:00 بجے تک کھانے پینے کی ترسیل کو بہر صورت مکمل کرکے فرم کے ملازمین کو یونیورسٹی چھوڑنا لازمی ہوگا۔

۲۹۔ کنٹریکٹر تمام ہاسٹلز میں بروقت کھانا مہیا کرنے / پہنچانے کی ذمہ دار ہوگی۔

۳۰۔ کنٹریکٹر گرلز ہاسٹل کے لیئے Female سٹاف رکھنے کا پابند ہوگا۔

۳۱۔ فریق اول کو مکمل سیکیورٹی اور پانی، بجلی اور متبادل ایندھن کی فراہمی کے لیئے فریق دوئم سرپرستی کرے گا۔

۳۲۔ Bid validity نوے (90) ایام ہوگی۔

نائب ناظم مالیات (پرچیز) /
سیکرٹری پرچیز کمیٹی

نوٹ: ٹینڈر آزاد جموں وکشمیر پبلک پروکیورمنٹ قواعد (b)36 کے تحت **"واحد مرحلہ جاتی۔دولفافہ جاتی طریقہ کار"** کے تحت کھولے جائینگے۔کوٹیشن دہندگان کو تکنیکی تجویز اور مالیاتی تجویز الگ الگ لفافہ جات میں جمع کروانا ہونگی اور لفافہ جات پر جلی حروف میں تکنیکی تجویز اور مالیاتی تجویز لکھا ہونا چاہیے۔ابتدائی طور پر صرف تکنیکی تجویز کھولی جائینگی ور پہلے سے طے شدہ طریقہ کار کے تحت تکنیکی جانچ کاری مکمل کی جائیگی۔تکنیکی جانچ کاری مکمل ہونے کے بعد صرف کوالیفائی کرنے والی فرم ہاء کی مالیاتی تجاویز کھولی جائینگی۔ مالیاتی تجاویز کی کشادگی کیلئے تاریخ اور ٹائم کی بابت کوالیفائی کرنے والی فرم ہاء کو پیشگی مطلع کیا جائیگا۔جبکہ مسترد ہونے والی فرم ہاء کی مالیاتی تجویز بغیر کھولے واپس کردی جائینگی۔

## Technical Evaluation Criteria (Passing Marks: 60)

فرم کا آزاد جموں وکشمیر میں انکم ٹیکس رجسٹرڈ ہونا ضروری ہے، بصورت دیگر کوٹیشن مسترد کردی جائیگی۔

نیز نان فائلر ہونیکی صورت میں بھی کوٹیشن مسترد تصور ہوگی۔اور اس ضمن میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

| Sr No | Description | Marks |
|---|---|---|
| 01 | Length of Business/Experience (Hoteling/Canteen/Cafeteria Services) (Minimum 05 years)<br>Less than 05 years: 0 Marks (Disqualify)<br>05 marks for 05 years<br>02 additional mark per year upto max of 10 years | 15 (Max) |
| 02 | Bank Statement (2023-24)<br>Average Balance Less than 2.0 Million: 0 Marks<br>Average Balance 2.0 Million: 05 Marks<br>Average Balance 0.5 marks for each lakh upto max of 3.0 Million | 10 (Max) |
| 03 | Similar Job/Contract Completed (Only Mess Services) (05 marks for each job, maximum 02 jobs/contract will be considered). Proof in shape of Work Order is required | 10 (Max) |
| 04 | Similar Job/Contract In-hand (Only Mess Services) (05 marks for each job, maximum 02 jobs/contract will be considered). Proof in shape of Work Order is required | 10 (Max) |
| 05 | Repeat Order/Renewal of Contract with same Client. (Only Mess Services). Proof in shape of Work Order is required | 05 |
| 06 | Income Tax Return filed during the last five years (Attach relevant documents) 3 marks for each year | 15 |
| 07 | Performance Certificate (regarding Mess Services) issued by the Clients. 2.5 Marks each (Max: 04) | 15 (Max) |
| 08 | Physical Verification | 20 |

**زیر دستخطی کو بالا قوائد وضوابط / شرائط سے مکمل اتفاق ہے**

نام ------------------------------------------------

دستخط ------------------------------------------------

ایڈریس ------------------------------------------------

ٹیلی فون نمبر ------------------------------------------------

شناختی کارڈ نمبر ------------------------------------------------

نیشنل ٹیکس نمبر ------------------------------------------------

# مالیاتی تجویز

## فہرست اشیاء خورد و نوش

ا۔ ہر آئٹم کا صرف ایک نرخ فراہم کرنا ہوگا۔Multiple نرخ قابل قبول نہ ہونگے۔

۲۔ شرائط و ضوابط پر پورا اترنے والی فرم ہاء/ تکنیکی بنیاد پر کوالیفائی کرنے والی فرم ہاء میں سے جنکے نرخ Maximum Items کے کم ہونگے اسی فرم کو کامیاب قرار دیا جائیگا۔

| نمبر شمار | نام اشیاء | نرخ |
|---|---|---|
| ا۔ | چائے مکس | ----------------------فی پیالی |
| ۲۔ | قہوہ | ----------------------فی پیالی |
| ۳۔ | دودھ پتی | ----------------------فی پیالی |
| ۴۔ | دودھ ابلا/ چینی ملا | ----------------------فی پیالی |
| ۵۔ | پراٹھا | ----------------------فی عدد |
| ۶۔ | بریڈ (تین پیس) | ---------------------- |
| ۷۔ | کیک (چھوٹا) | ----------------------فی عدد |
| ۸۔ | بیکری بند (سنگل) | ----------------------فی عدد |
| ۹۔ | انڈا آملیٹ | ----------------------فی عدد |
| ۱۰۔ | انڈا ابلا ہوا | ----------------------فی عدد |
| ۱۱۔ | انڈا فرائی | ----------------------فی عدد |
| ۱۲۔ | انڈا کری | ----------------------فی پلیٹ |
| ۱۳۔ | دال ہر قسم | ----------------------فی پلیٹ |
| ۱۴۔ | قیمہ | ----------------------فی پلیٹ |
| ۱۵۔ | بیف قورمہ | ----------------------فی پلیٹ |
| ۱۶۔ | سبزی گوشت | ----------------------فی پلیٹ |
| ۱۷۔ | چکن قورمہ | ----------------------فی پلیٹ |
| ۱۸۔ | سبزی ہر قسم | ----------------------فی پلیٹ |
| ۱۹۔ | چکن پلاؤ (باسمتی) | ----------------------فی پلیٹ |
| ۲۰۔ | مٹر یا چنا پلاؤ | ----------------------فی پلیٹ |
| ۲۱۔ | ابلے ہوئے چاول خشک (باسمتی) | ----------------------فی پلیٹ |

| | | |
|---|---|---|
| ۲۲۔ | روٹی تندور (۱۲۰ گرام) | ------------------------فی روٹی |
| ۲۳۔ | نان تندور (۱۲۰ گرام) | ------------------------فی روٹی |
| ۲۴۔ | کشمیری باقر خانی بڑی (تندوری) | ------------------------فی عدد |
| ۲۵۔ | سادہ بریانی | ------------------------فی پلیٹ |
| ۲۶۔ | چکن بریانی | ------------------------فی پلیٹ |
| ۲۷۔ | لوبیہ + سفید چاول | ------------------------فی پلیٹ |
| ۲۸۔ | آلو بھجیا | ------------------------فی پلیٹ |
| ۲۹۔ | کڑہی پکوڑا | ------------------------فی پلیٹ |
| ۳۰۔ | چائنیز رائس | ------------------------فی پلیٹ |
| ۳۱۔ | سبزی پلاؤ | ------------------------فی پلیٹ |
| ۳۲۔ | دال چاول | ------------------------فی پلیٹ |

نائب ناظم مالیات (پرچیز)/
سیکرٹری پرچیز کمیٹی

تصدیق کرتے ہیں ہم نے شرائط وضوابط پڑھ اور سمجھ لی ہیں اوران شرائط کے تحت فہرست میں درج قیمتوں پر اشیاء مہیا کرنے کے پابند ہونگے۔

نام ------------------------------------------

دستخط ------------------------------------------

ایڈریس ------------------------------------------

ٹیلی فون نمبر ------------------------------------------

شناختی کارڈ نمبر ------------------------------------------

نیشنل ٹیکس نمبر ------------------------------------------